# مانمن خبریں

نمبر 72_ 17 جون 2018


# خداوند کی صلیبی محبت دل پر نقش ہے

## ایسٹر فنی مظاہرہ 2018، 'خداوند کی صلیب'



مرکزی عبادت گاہ کے خصوصی سٹیج پر سے 31 مارچ کو جمعہ کی شب بھر کی عبادت کے دوران پرفارمنگ آرٹس کمیٹی کی جانب سے ایسٹر پرفارمنس 2018 پیش کیا گیا جس کا موضوع تھا،" خداوند کی صلیب"۔

اس پرفارمنس میں کئی پاسبانوں اور ایمانداروں نے سمندر پار ممالک سے شرکت کی جن میں روس، فرانس، امریکہ، اور سنگاپور شامل ہیں اور اسے جیسی این www.gcntv.org کے ذریعہ اور انٹرنیٹ پر براہِ راست نشر کیا گیا۔

ہیولی وائس کورس، ہیولی ڈانس ٹیم، ساؤنڈ آف لائٹ کورس، کرسٹل سنگرز، گلوری ورشپ ڈانس ٹیم، پاور کورس، اور ہارمونی کورس نے پرفارمنگ آرٹس کمیٹی میں اور چند مزید چرچ اراکین نے بڑے جذبے کے ساتھ اداکاری کی، اور یونائیٹڈ میوزک بینڈ، نِسی آرکسٹر، اور امیونئیل کوائر نے مشترکہ طور پر موسیقی اور گیت میں حصہ لیا۔ اس کے علاوہ، کئی چرچ اراکین نے رقص کی تیاری میں، سٹیج کھڑا کرنے، شعبہ لباس و پوشاک، ستون سازی، میک اپ اور سٹاف آپریشن میں حصہ لیا۔ غیر معمومی سٹاف سمیت 300 سے زاید کارکنان نے مل کر اس کو مثالی پرفارمنس بنایا۔

پہلا ایکٹ جس کا عنوان تھا "خداوند کی صلیب" اس کے آغاز میں نوجوان یسوع نجات کی پیش انتظامی کے مکمل ہونے کا منتظر ہوتا ہے اور اس کے لئے دعا میں تیاری کرتا ہے۔ اس کے بعد ایسے لوگوں کے مناظر تھے جو مسیح موعود کے منتظر تھے۔ یسوع کی محبت، یسوع کی خدمت، اَور آخری فسح، اور صلیب کا راستہ۔

دوسرا ایکٹ، "یسوع کا جی اٹھنا" یہوداہ اسکریوتی کی موت کی تشریح کرتا ہے؛ اُن لوگوں کی جو مصلوبیت کے بعد یسوع سے محبت رکھتے ہیں؛ اور اس کے جی اٹھنے اور خداوند کی دوسری آمد کو بیان کرتا ہے۔

چرچ کی مختلف پرفارمنس کومانمن کے خداداد گیت کے ساتھ الگ رکھا گیا جس کے وسیلہ سے اراکین کے دلوں کو خوب تحریک ملی۔ ایسٹر کی اس پرفارمنس کیلئے خدا نے چھ نئے گیت دیئے۔ "کوئی نہ جان سکتا تھا"، "شاگرد"، "صلیب"، اس کے بعد "یہوداہ اسکریوتی"، "وہ جی اٹھا ہے" اور اس کے بعد "شاگرد"۔ اراکین نے شاعری کے ان الفاظ میں اور موسیقی میں خداوند کی بے پناہ محبت محسوس کی اور شکر گزاری اور نجات کے فضل سے، جی اٹھنے کی شادمانی سے اور آسمانی امید سے بھر گئے۔

ایسٹر اتوار کی صبح کی عبادت میں یکم اپریل کو، سینئر پاسٹر ڈاکٹر جے راک لی نے پیغام دیا،" خداوند کا جی اٹھنا "جو ا۔کرنتھیوں ۱۵: ۴۱-۴۴ پر مبنی تھا۔ انہوں نے اُن اسباق پر روشنی ڈالی جو ہمیں خداوند کے جے اٹھنے سے سیکھنے کی ضرورت ہے؛ پہلا یہ ہے کہ ابدی زندگی موجود ہے، لازم ہے کہ خداوند کے لئے ہماری مفاوضت کے بعد پھل لائیں؛ اور تیسرا، ہم خداوند کے نام میں جتنے دکھ اٹھاتے ہیں وہ جلال میں بدل جاتے ہیں۔ اتوار کی شام کی عبادت کے دوران، اراکین نے پاک شراکت میں حصہ لیا اور اپنے دلوں پر خداون کی قربانی اور محبت کو نقش کیا۔




# بھید تو بہت بڑا ہے

"اسی سبب سے آدمی باپ سے اور ماں سے جدا ہو کر اپنی بیوی کے ساتھ رہے گا اور وہ دونوں ایک جسم ہوں گے۔ یہ بھید تو بڑا ہے لیکن میں مسیح اور کلیسیا کی بابت کہتا ہوں" (افسیوں 5: 31-32)۔

درج بالا آیات مسیحیو ں کا خداوند کے ساتھ بطور دلہن اور دلہا رشتہ بیان کرتی ہے۔ یہ کتنا عجیب اور دلکش بھید ہے کہ ہمیں دنیا کو پیچھے چھوڑ کر یسوع مسیح کے ساتھ ہونا ہے جیسے کوئی مرد اور عورت اپنے والدین کو چھوڑ کر ملتے اور ایک بدن ہوتے ہیں؟ اب دراصل ہم خداوند کے ساتھ ایک کس طرح سے ہو سکتے ہیں؟

## 1۔ یسوع کو قبول کرکے پاک روح پانا

لوگ یسوع کو قبول کر کے خدا کے فرزند بن جاتے ہیں اور جب وہ ایمان کے وسیلہ یسوع کے ساتھ ایک ہو جاتے ہیں تو پاک روح پاتے ہیں۔ یوحنا 3: 6 ہمیں یاد دلاتی ہے کہ "جو جسم سے پیدا ہوا ہے جسم ہے اور جو روح سے پیدا ہوا ہے روح ہے"۔ جب پاک روح ہمارے دلوں میں آتا ہے تو ہماری گزشتہ سے مردہ روح جی اٹھتی ہے، وہ ہماری روح کو جنم دیتا ہے اور ہم خداوند کی پیروی کرتے ہیں۔ پھر ہم خدا کے فرزند بن جاتے ہیں جو بذاتِ خود روح ہے اور ہم اُسے "باپ" کہتے ہیں (رومیوں 8: 15؛ گلتیوں 4: 6)۔

اوّل، انسان کے دل کو دو جگہ تقسیم کیا جا سکتا ہے، ایک نہایت ہی راست دل اور دوسرا یقینی طور پر ناراست دل؛ پہلے والے دل کو ہم "سفید دل" اور دوسرے دل کو "یاہ دل" کہہ سکتے ہیں۔ جب خدا نے پہلے انسان آدم کے نتھوں میں زندگی کا دم پھونکا اور وہ جیتی جان ہوا، تو انسان زندہ مخلوق بنا۔ خدا نے اسے صرف سچائی سکھائی اور اُس کے دل میں سچائی ہی کا بیج بویا۔ وقت گزرنے کے ساتھ، آدم نے نافرمانی کا گناہ کیا اور چونکہ وہ خدا کے کلام پر قائم رہنے میں ناکام ہو گیا تھا جس نے اسے کہا تھا کہ تُو نیک و بد کی پہچان کے درخت میں سے نہ کھانا۔ اُس کی خدا کے ساتھ بات چیت ختم ہو گئی اور گناہ اور ناراستی اس کے اندر آ گئے۔

پھر ایک اور طرح کا دل، ضمیر بن گیا۔ ضمیر اس وقت بنتا ہے جب والدین کی طرف سے موروثی فطرت جس میں بہت مختلف معلومات شامل ہوجاتی ہے، اسے دیکھنے اور سننے کے بعد حاصل ہوتی ہے۔ اوروہ عدالت اور اقدار کی بابت جو اس کی اپنے معیار ہوتے ہیں ان میں راستی اور ناراستی دونوں شامل ہو جاتے ہیں اور یہی ضمیر ہے۔ دل کی جو تین مختلف اقسام بیان کی گئی ہیں ان میں سے، راستباز دل، ناراست دل اور ضمیر ہے، راستباز دل ہے جس کا بیج خدا نے انسان میں رکھا تھا وہ تقریباَبے کار ہو کر رہ گیا اور لوگوں کا ضمیر اپنی اپنے دور میں بدی کی طرف بتدریج بڑھتا جا رہا ہے۔

## 2۔ پاک روح زندگی کے روح کو پھلنے اور مردہ روح کو زندہ ہونے کا موقع دیتا ہے

جب خدا نے اولین انسان یعنی آدم کے نتھنوں میں زندگی کا دم پھونکا تو انسان جیتی جان ہوا۔ لیکن جب وہ نافرمانی کر کے گنہگار ہو گیا تو زندگی کا تقریبا سارا دم واپس لے لیا گیا اور صرف اس کے نشان ہی باقی رہ گئے۔ وہ نشان ہے زندگی کا بیج۔ زندگی کا بیج بطور انسان خدا کے ساتھ بات کر سکتا تھا اور اسے خدا کی طرف سے صرف سچائی ملتی تھی۔ آدم کے گناہ کے وقت بہرحال انسان کی خدا کےساتھ بات چیت ختم ہو گئی اور ناراستی انسان کے دل میں آ گئی اور ہوتے ہوتے اس نے زندگی کے بیج کو دبا دیا۔ زندگی کا بیج غیر فعال ہو گی اور اس کے کام کرنے کی صلاحیت سکڑ کر کم ہو گئی اور اس طرح ہو گیا جیسے مردہ ہو۔

وہ کیفیت جس میں خدا کے ساتھ جو بذاتِ خود روح ہے، گفت و شنید خمت ہو گئی تھی، اور زندگی کا بیج بیکار ہو گیا تھا کیونکہ وہ ناراستی سے ڈھکا تھا جسے "انسانی روح کی موت کہا جاتا ہے"۔ لیکن اس کا یہ مطلب نہیں کہ روح پوری طرح مر گئی تھی، بلکہ اس کا مطلب یہ ہے کہ اس نے کام کرنا چھوڑ گیا تھا اور زندگی آنے کی منتظر تھی۔ یہ بالکل وہی بات ہے جیسے کوئی پودا، جو بظاہر مر چکا ہو، اس میں دوبارہ کونپلیں پھوٹ سکتی ہیں، جب تک کہ اس کے اندر زندگی موجود ہو۔



بزرگ پاسٹر ڈاکٹر جے راک لی

انسان کی مردہ روح کب جی اٹھتی ہے؟ جب کسی شخص کو انجیل کی خوشخبری سنائی جائے، خدا کا نُور اور خدا کی سچائی اُس کے دل کو منور کرے گی۔ اس وقت وہ سچا اور نیک دل جو ہنوز اس کے اندر موجود ہے اس نُور کو قبول کر کے یسوع مسیح کو بطور نجات دہندہ قبول کر لیتا ہے۔ پھر خدا اپنے پاک روح کو بھیجتا ہے اور پاک روح زندگی کے اس شخص کے دل میں زندگی کے بیج کو پھر پھوٹ نکلنے کا موقع دیتا ہے اوردوبارہ فعال ہو جاتا ہے۔

خدا کے ساتھ بات چیت شروع ہو جاتی ہے اور اس شخص کو دوبارہ سچائی کا علم ملنا شروع ہو جاتا ہے۔ اُس کا دل جو کہ ناراستی سے آلودہ ہو چکا تھا، اور گھمنڈ تھا اورب وہ محبت جیسی سچائی سے بھرپور ہونے لگتا ہے۔

## 3۔ پاک روح ہمارے اندر روح کو جنم دیتا ہے

نہایت ہی اہم حصہ یہ ہے کہ پاک روح ہماری دعاؤں میں ہمارے اندر روح کو جنم دیتا ہے۔ ہم جتنی جانفشانی میں دعا کریں گے، ہمیں اوپر سے فضل اور قوت ملے گی کہ ناراستی کو دور کر سکیں۔ ہم جتنی ہی دلجمعی سے دعا کیوں نہ کریں، بہرحال، جب تک ہم اپنی سوچوں اور طرزِ عمل کو مسمار نہیں کرتے، یہ سب بے فائدہ ہوں گی۔

پاک روح قلب حق پر حکمران ہو گا اور ہمیں پاک روح کیلئے مشتاق ہونے والی زندگی گزارنے پر ابھارے گا۔ شیطان ہماری سوچوں پر کام کر کے ہمارے ناراست دل پر حکمرانی کرے گا۔ جب وہاں بہت ناراستی ہو گی، تو ہم شیطان کے ہاتھوں اپنی سوچوں کے زیرِ اثر ہو جائیں گے، اور اس سے ہم اپنی جسم کی خواہشوں کے مطابق زندگی بسر کریں گے اور ہلاک کی راہ پر گامزن رہیں گے۔

قطع نظر کہ کوئی شخص کتنی زیادہ سچائی سنتا ہے اور کتنی جانفشانی کےساتھ دعا کرتا ہے، جسمانی سوچوں اور نظریات کا تسلسل ختم کئے بغیر وہ پاک روح کی خواہش کے مطابق زندگی گزارنے کے لائق نہیں ہو گا (2-کرنتھیوں 10: 5)۔ اس کا دل خالی محسوس ہو تا، اور ابتری میں ہو گا، اور وہ شخص خدا کے کاموں کا واضح اور یقینی تجربہ نہیں پا سکے گا۔

اگرچہ وہ اپنے دل میں سے ناراستی کو دور کر لے تو بھی اس سے اس کی مشکلات اور آزمائشیں ختم نہیں ہوں گی؛ اسے ان کو دریافت کرنے کیلئے کام کرنا پڑے گا اور بدی کو دور کرنا پڑے گا، گناہ کی اس پوشیدہ صفات کو جو اس کی فطرت میں ہیں، یعنی اس کے ضمیر میں ہے۔ ضمیر (جس کا پہلے بھی ذکر کیا گیا ہے) اب اس کے ساتھ اس شخص کی فطرت تشکیل پائے گی اور یہ دل کی ایسی گہرائی ہوتی ہے جس وہ شخص خود بھی واقف نہیں ہوتا۔ ناراستی کسی شخص کی فطرت ہوتی ہے اور خدا کی راستبازی کے ساتھ اس کی کوئی مطابقت نہیں ہوتی لیکن اس کی نظر میں ٹھیک اور مناسب لگتی ہے، اور یہی وجہ ہے کہ اسے دریافت کر کے اپنے طور پر ہی اس کا سلسلہ منقطع کرنا آسان نہیں ہوتا۔

خدا کسی بھی شخص کے دکھوں کے وسیلہ سے موقع دیتا ہے کہ وہ اپنی ناراستی کی فطرت کو دریافت کر سکے اور پھر خدا اُسے پاک برتن بنا دیتا ہے۔ جب آپ اُس کے کلام کے وسیلہ سے آپ خود کو دریافت کرتے ہیں اور پاک روح کی تحریک سے تو، آپ ناراستی کو اپنی فطرت میں سے جلد دور کرنے کے لائق ہو جائیں گے۔

اگرآپ یہ سمجھتے ہیں کہ خدا کے کلام کا اطلاق صرف دوسرے لوگوں کی خطاؤں کو دریافت کرنے کیلئے ہوتا ہے اور اپنی بابت ناکام رہتے ہیں تو آپ کے ایمان کے بڑھنے کی رفتار سست ہے۔ بہرحال، اگر آپ اپنی فطرت کی ناراستی دریافت کر کے انہیں دور کرتے ہیں تو آپ مردِ روح میں بدل جائیں گے جس کی تقدیس ہوئی ہو۔

## 4۔ خداوند کے ساتھ ایک ہونا

جب پاک روح ہمارے اندر روح کو جنم دیتا ہے، اور ہم اُس ناراستی کو دور کرتے ہیں جو راستی کے ساتھ متصادم ہوتی ہے، اپنی ذاتی راستبازی کو ترک کرتے ہیں اور راستی والا دل پا لیتے ہیں تب ہم خداوند کے ساتھ ایک ہوں گے۔

1-یوحنا 2: 12 بھی ایمان کی پختگی اور بلوغت کے درجات کو انسانی نشو و نما کےدرجات کی طرح بیان کرتی ہے جس سے کوئی شخص خداوند کے ساتھ ایک ہو سکتا ہے۔ ایمان کا وہ درجہ جس میں کوئی شخص یسوع مسیح کو قبول کرتا ہے، پاک روح پاتا ہے اور نجات پاتا ہے، اس ایمان کو "چھوٹے بچے کا سا ایمان کہتے ہیں" ایمان کا وہ درجہ جس میں کوئی شخص سچائی میں چلتا ہے اس ایمان کو "لڑکپن کا ایمان کہتے ہیں" ایمان کا وہ درجہ جس میں کوئی شخص خدا کے کلام کے مطابق زندگی گزارتا ہے اس ایمان کو "نوجوانوں کا ایمان" کہتے ہیں۔ جب ایمان اس سے بھی آگے بڑھتا ہے اور ایمان کے کامل درجہ تک پہنچتا ہے تو اس ایمان کو "بزرگوں کا ایمان کہتے ہیں"۔

جب ہم بزرگوں کےایمان کے درجہ تک پہنچاتے ہیں اور پوری طرح خداوند کے ساتھ ایک ہوجاتے ہیں تو ہم جو کچھ بھی دعا میں اس سے مانگیں گے وہ مل جائے گا "ہمارا دل ہمیں الزام نہیں دے گا" اور اس طرح "ہمیں خدا کے حضور میں دلیری ہو گی" ( ا- یوحنا 3: 21-22)۔

مسیح میں عزیز بھائیو اور بہنو، میں خداوند کے نام میں دعا کرتا ہوں کہ پاک روح کی طرف سے آپ کی روح جنم لے اور آپ پوری طرح سے خداوند کے ساتھ ایک ہو جائیں تا کہ آپ اِس دنیا میں بابرکت زندگی گزاریں اور نئے یروشلیم میں بھی، جو کہ آسمان پر سب سےزیادہ جلالی سکونت گاہ ہے۔

### ایمان کا اقرار

1۔مانمن سینٹرل چرچ کا ایمان ہے کہ بائبل مقدس خدا کے منہ سے نکلا ہوا کلام ہے اور یہ کامل اور بے نقص ہے ۔

2۔مانمن سینٹرل چرچ خدائے ثالوث :خدا باپ، خدا بیٹا، اور خدا روح القدس کی یکتائی پر ایمان رکھتا ہے ۔

3۔مانمن سینٹرل چرچ کا ایمان ہے کہ ہمیں صرف اور صرف یسوع مسیح کے نجات بخش لہو کے وسیلہ گناہوں کی معافی ملی ہے۔

4۔مانمن سینٹرل چرچ یسوع مسیح کے مرِدوں میں سے جی اٹھنے اور آسمان پر اٹھائے جانے پر ، اُس کی آمدِ ثانی پر، ہزار سالہ بادشاہی پر اور ابدی آسمان پر ایمان رکھتا ہے۔

5۔مانمن سینٹرل چرچ کے ارکان جب بھی جمع ہوتے ہیں "رسولوں کا عقیدہ" پڑھ کر ایمان کا اقرار کرتے ہیں اور اِس میں شامل باتوں پر حرف بہ حرفی یقین رکھتے ہیں۔

"وہ(خدا ) توخود سب کو زندگی اور سانس اورسب کچھ دیتا ہے"۔(اعمال17:25)

"اور کسی دوسرے کے وسیلہ نجات نہیں کیونکہ آسمان کے تلے آدمیوں کو کوئی دوسرانام نہیں بخشا گیا جس کے وسیلہ سے ہم نجات یں"۔(اعمال4:12)

Urdu

مانمن خبریں

شائع کردہ مانمن سینٹرل چرچ

نمبر3-235گرِو ڈونگ 3، گرِوُ ۔گو، سیول کوریا(08389)
فون82-2-818-7047 فیکس82-2-818-7048
ویب سائٹwww.manmin.org/english
www.manminnews.com
ای میلmanminen@manmin.kr
ناشر:ڈاکٹر جے راک لی
مدیرِ اعلیٰ:سینئیر ڈیکنیس گیومسُن وِن

خداوند کیلئے ہماری امید

# "مجھے ورلڈ مانمن مشن میں شرکت کر کے بہت خوشی ہوئی"

جب میں پانچویں جماعت میں تھا، میرے والدین بطور مشنری تھائی لینڈ چلے گئے اور میرا خاندان اس ملک میں منتقل ہو گیا۔ شروع میں ہر چیز اجنبی سی تھی، لیکن میں نے نئے ماحول کو خوشی سے قبول کیا کیونکہ سینئر پاسٹر ڈاکٹر جے راک لی ہمیشہ ہمارے لئے دعا کرتے ہیں۔

تھائی لینڈ میں لوگ غربت کا شکار تھے، لیکن اُن کے دل پاک تھے۔ انہوں نے پاک انجیل کو خوشی سے قبول کیا اور تبدیل ہو گئے۔ ان کو مختلف بیماریوں سے شفا بھی ملی جب پاسٹر جے ون لی، میرے والد صاحب نے اُن رومالوں کے ساتھ اُن کیلئے دعا کی جن پر ڈاکٹر جے راک لی نے دعا کی ہوئی تھی (اعمال 19: 11-12)۔

میرے دو بھائی ہیں۔ ہم اپنے والدین کے ساتھ منسٹری کے کام میں مدد کرتے تھے۔ میرا بڑا بھائی سیون گُم عبادت میں گیتوں کے دوران گٹار بجاتا تتھا اور میں بطور کوائر لیڈر خدمت کرتا تھا۔ اب وہ فوج میں ہے۔ دوسرا بڑا بھائی عبادت میں گیتوں میں قیادت کرتا ہے اور کی بورڈ بجاتا ہے۔ وہ ااانڈونیشیا کے سیمینار میں انگریزی زبان میں ترجمہ کرتے ہیں اور وہ میل ینگ ایڈلٹس مشن کے صدر ہیں۔

ینگ ایڈلٹس مشن کے صدر کی حیثیت سے، میں نے اپنے ارکان کے ساتھ مل کر اُسی روحانی بہاؤ میں چلنے کی کوشش کی جیسے سینٹرل مانمن چرچ میں ہوتا ہے۔ ہمارے نوجوان بہت ہی پُرجوش انداز سے چل رہے ہیں اور نیا یروشلیم مہم 2018 میں حصہ لینے کی سے اُن میں آسمان کی امید ہے۔ میں دعا کے ساتھ خدا کی طرف سے اپنے سپرد کی گئی ذمہ داریوں کو پورا کرتا ہوں کہ :میں صبح سویرے دعائیہ میٹنگ سے آغاز کرتا ہوں، قبل از کہ میں کالج جاؤں دعا کرتا ہوں اور رات کو دانی ایل دعائیہ میٹنگ میں بھی دعا کرتا ہوں۔

علاوہ ازیں، میں منگل کو حمد و ثنا کی عبادت میں قیادت کرتا ہوں اور چرچ میں کوریا کی کلاس میں لیکچر دیتا ہوں جو لوگوں میں بشارت کیلئے کھولی گئی ہے۔ میں تھائی اور انگریزی مترجم کے طور پر بھی انڈوچینا پاسٹرز سیمینار میں خدمت کرتا ہوں۔ علاوہ ازیں میں پاسٹر کے وعظوں کو بھی تھائی زبان میں، اتوار کی عبادت اور جمعہ کی شب بھر کی عبادت کے دوران ترجمہ کرتا ہوں۔ مجھے بہت فخر محسوس ہوتا ہے جب میں لوگوں کو سینئر پاسٹر کے وعظوں سے فضل پاتے اور آنسو بہاتے دیکھتا ہوں۔ میں بہت شکر گزار ہوں کہ اس نے مجھے ایسی بیش قدر زندگی گزارنے کا موقع دیا ہے۔

یہ سوچ کر ہی کہ میں سینئر پاسٹر کی منسٹری میں جو سب لوگوں اور قوموں کو نجات کی راہ پر لا رہے ہیں مدد کر سکتا ہوں، میرا دل خوشی سے بھر جاتا ہے اور مجھے تقویت ملتی ہے۔ میں سارا جلال خدا کو دیتا اور شکر گزار ہوں جس نے مجھے خداوند کے لئے ایسی بیش قدر زندگی گزارنے کا موقع دیا۔



بھائی سیونگ یُول لی، عمر 20 سال،
چیانگ رائے مانمن چرچ، تھائی لینڈ

# "جب میں نے خدا کے کلام کی فرمانبرداری کی تو اپنے خواب کے نزدیک تر ہو گیا"

2006 میں، میں نے مانمن میں ایماندار زندگی گزارنا اور سینئر پاسٹر کے وعظوں کے ذریعہ حقیقی ایمان کے بارے میں سیکھنا شروع کیا۔

میں نے ہائی سکول میں غیر ملکی زبانوں کے امتحان کیلئے داخلہ کی تیاری شروع کر دی جب میں 9ویں جماعت میں تھا، اور اس کے بارے میں سمجھا جاتا ہے کہ اب بہت دیر ہو چکی ہے۔ مجھے ایک نجی اکیڈمی میں خداوند کے دن بھی جانا پڑتا تھا لیکن میں چرچ ہی جاتا تھا کیونکہ اس کا مطلب تھا خدا کے روحانی اختیار کو تسلیم کرنا اور یہ برکت کی راہ تھی۔ آخر کار، خد انے مجھے برکت دی اور مجھے گواچیان شعبہ غیر ملی زبان انگریزی ہائی سکول میں داخلہ مل گیا، جس میں زیادہ تر لوگوں نےدرخواست دی ہائی تھی۔

2014 کے آخری حصہ میں، میرے کالج کی گریجویشن کے بعد، میں کوریا سوشل انٹرپیرائز پروموشن ایجنسی میں داخل ہوا جو وزارتِ روزگار اور محنت کشوں کے تحت میں آتی ہے اور ایک تحریری ٹیسٹ تھا، اور سینئر پاسٹر کی دعا کے وسیلہ سے انٹر ویو دیا۔

ایک دن کام پر، میرے دفتر میں پارٹی تھی اور میرے باس نے بھی ہمارے ساتھ شرکت کی۔ وہاں ایک قرعہ اندازی بھی تھی، کہ جو شخص جیت جائے گا اسے باس کی طرف سے شراب کی ایک بوتل ملے گی، وہ پی کر اسے اپنا انعام لینا پڑے گا۔ پھر، وہ قرعہ اندازی میں جیت گیا، لیکن میں نے اُن سے کہا کہ مجھے سمجھنے کی کوشش کریں کہ میں شراب نہیں پیتا اور میں نے یہ پیشکش رد کر دی۔ مجھے اپنے باس کے سامنے شرمندگی ہوئی لیکن میں جانتا تھا کہ مجھے خدا کے سامنے زیادہ شرمندگی اٹھانا پڑتی اگر میں شراب پی لیتا۔

اپنے کام کے ابتدائی ایام میں مجھے معاشرتی اور ابلاغ کی مہارت میں کمی کے باعث کئی بار مخالفت کا سامنا کرنا پڑا۔ یہ وہ وقت تھا جب میں نے سینئر پاسٹر کی کتاب 'یوسف، خدا کے عہد کا پیغام 'پڑھی۔ یہ کتاب میرے لئے کام کرنے میں روحانی استاد بن گئی۔ اس کتاب نے مجھے خود کو دوسروں کی جگہ رکھنا سکھایا اور سکھایا کہ درست ترتیب سے رپورٹ بنا سکوں اور تضادات کے ساتھ کیسے نمٹا جا سکتا ہے۔

2017، میں مجھے نوکری اورلیبر منسٹری کی طرف سے ترقی ملی اور مجھے اپنی ٹیم کا لیڈر ہونے کی شفارش بھی۔ میں نے چائنیز اور انگریزی یونیورسٹی میں پڑھا اور اب میں گریجویٹ سکول میں بھی پڑھ رہا ہوں اور کام بھی کر رہا ہوں تا کہ خداوند کے فضل کاصلہ دے سکوں۔ میں ان دنوں جاپانی بھی پڑھتا ہوں۔ میں سارا جلال خدا کو دیتا اور شکر گزار ہوں جس نے مجھے خواب دیا اور مجھے برکت دی کہ اُس کے فضل سے ان خوابوں کی تعبیر پا سکوں۔



سسٹر جائے سیو، عمر 29 سال، ینگ ایڈلٹس مشن،
مانمن سینٹرل چرچ

# "میں ویڈیو گیم کا عادی ہو گیا تھا لیکن اب انجیل کی منادی کرتا ہوں"

میں ایک مسیحی گھرانے میں پیدا ہوا تھا۔ میں اپنے والدین کی تربیت کے مطابق دعا کرتا اور بائبل پڑھتا تھا۔ لیکن میں خدا کی محبت اور مرضی کو سمجھ نہیں پاتا تھا۔ میں سکول میں اچھی طرح پڑھتا اور والدین خوش تھے۔ لیکن میری گیارہ سال کی عمر میں جب میرے ایک بھائی کا انتقال ہو گیا، تو میں نے پڑھائی سے دل چرانا شروع کیا اور زیادہ تر وقت اور پیسہ ویڈیو گیمز میں گزارنے لگا۔ سب سے بڑھ کر یہ کہ میں نے چھ سال تک چرچ جانا چھوڑے رکھا۔

نومبر 2008 میں، میرے ایک رشتہ دار نے پیرو مانمن چرچ تک میری راہنمائی کی۔ سینئر پاسٹر ڈاکٹر جے راک لی کے وعظ اور روحانی اختیار نے مجھے نئ زندگی دے گی۔ میں نے ویڈیو گیمز چھوڑ دیں۔ اور 25 دسمبر کو میں نیا انسان بن گیا۔

میں نے سپینش زبان میں چرچ کی ویب سائٹ پر سینئر پاسٹر کے دیئے گئے وعظ پڑھنا شروع کئے۔ میں نے کتاب 'صلیب کا پیغام' اور 'ایمان کا پیمانہ'۔ بھی پڑھی۔ مجھے بہت فضل ملا۔ اب مجھے خدا کی محبت سمجھ میں آئی جو انسانی نسل کشی میں پنہاں تھی اور خدا کی حکمت جو خداوند کی قربانی میں ظاہر کی گئی تھی، اور اپنی زندگی کا مقصد بھی سمجھ میں آیا۔

میں نے دانی ایل دعائیہ میٹنگ میں بھی جانا شروع کیا۔ میں نے اپنی گزشتہ زندگی سے توبہ کی اور خدا کے حضور معافی کی دعا کی۔ میں نے چرچ میں عملاً رضاکار کے طور پر کام شروع کر دیا اور سینئر پاسٹر کے وعظ سننے لگا۔ میں نے مانمنِ انٹرنیشنل سیمنری کے کورس بھی لئے، اور اپنے چرچ کے پاسبان کے ساتھ انجیل کی منادی کرنے میں مدد کی، اور پانچ سال تک پیرو کے کئی علاقوں میں خدا کی قدرت کو پھیلایا اور ظاہر کیا۔

پاسٹر ہینگیول کم کا تبادلہ میرے چرچ میں ہوا۔ میں سپینش زبان میں وعظ کی تیاری میں ان کی مدد کرتا ہوں اور ینگ ایڈلٹس مشن کے صدر کی حیثیت سے خدمت انجام دیتا ہوں۔ میں بہت خوش ہوں کہ خدا کے کلام میں قیام کرتا ہوں اور اپنی خدا داد ذمہ داریاں نبھاتا ہوں۔ میں پیرو اور اس کے پڑوسی ممالک میں پاک انجیل پھیلانا چاہتا ہوں اور چاہتا ہوں کہ خدا کے فضل میں سکونت کرنے میں لوگوں کی راہنمائی کروں۔ میں سارا جلال خدا کو دیتا اور شکر گزار ہوں جس نے مجھے حقیقی شادمانی دی۔



برادر آرنلڈ زکاریئس مولینا ویلاسکو، عمر 26 سال،
پیرو، مانمن چرچ










## ایکٹ نمبر 1: خداوند کی صلیب


منظر نمبر 1: تعارف – چھوٹا یسوع نجات کی پیش انتظامی کے مکمل ہونے کے وقت کا انتظار کرتا اور خود کو دعا میں تیار کرتا ہے
منظر نمبر 2: تعارفی موسیقی از نِسی آرکسٹرا
منظر نمبر 3: مسیحِ موعود کا انتظار کرنے والے لوگ
منظر نمبر 4: خداوند کی محبت – شاگرد خداوند کی خدمت (منسٹری) کیلئے پُرجوش ہوتے ہیں
منظر نمبر 5: خداوند کی دعا – یسوع گلیل کی جھیل پر اکیلے ہی دعا کرتا ہے
منظر نمبر 6: خداوند کی خدمت – لوگ کھجور کی ڈالیاں لیتے اور خوشی کے ساتھ اس کا استقبال کرتے ہیں
منظر نمبر 7: آخری فسح
منظر 8: صلیب کا راستہ


















2018، ایسٹر پرفارمنس

# "خداوند کی صلیب"

خداوند کی صلیب، وہ بھید جو زمانوں سے بھی پیشتر سے پوشیدہ تھا۔۔۔
اُس کی محبت کے وسیلہ سے جس نے نجات کی پیش انتظامی کو پوری طرح مکمل کیا، وہ سب لوگ جو اس اخیر زمانہ میں موجود ہیں، نجات کی شادمانی اور آسمانی امید سے بھر جائیں!

## ایکٹ نمبر 2: خداوند کا جی اٹھنا

منظر نمبر 9: یہوداہ اسکریوتی کی موت
منظر نمبر 10: اس کے بعد، وہ جو خداوند کو عزیز رکھتے تھے – مریم مگدلینی، اور کنواری مریم خداوند کی بہت کمی محسوس کرتے ہیں
منظر نمبر 11: خداوند کا مرِدوں میں سے جی اٹھنا
منظر نمبر 12: آخری حصہ – صعود۔ یعنی آسمان پر اٹھایا جانا













GCN جي سي ان
(گلوبل کرسچن نیٹ ورک)
فون: 82-2-824-7107
فیکس: 82-2-813-7107
www.gcntv.org
webmaster@gcntv.org

WCDN
(ورلڈ کرسچن ڈاکٹرز نیٹ ورک)
فون: 82-2-818-7039
فیکس: 82-2-830-5239
www.wcdn.org
wcdnkorea@gmail.com

MIS
(مانمن انٹرنیشنل سیمنری)
فون: 82-2-818-7334
فیکس: 82-2-830-3310
www.manminseminary.org
manminseminary2004@gmail.com

کتب اُوریم
فون: 82-70-8240-2075
فیکس: 82-2-869-1537
www.urimbooks.com
urimbook@hotmail.com